## نماز حضرت امام علی رضا علیہ السلام

یہ چھ رکعت نماز ہے، جسکی ہر رکعت میں ایک مرتبہ سورۂ حمد اور دس مرتبہ سورہ انسان (هَل اَتیٰ عَلیٰ الانسَان) پڑھیں۔ نماز کے بعد یہ دُعا پڑھیں:

یَا صَاحِبِی فِی شِدَّتِی وَیَا وَ لِیِّی فِی نِعْمَتِی، وَیَا إِلٰهِی وَ إِلٰهَ إِبْراهِیمَ وَ إِسْمَاعِیلَ وَ إِسْحَاقَ وَ
اے میری تنگی میں میرے ساتھی اے نعمت میں میرے سرپرست اور اے میرے معبود! اور ابراہیمؑ و اسماعیلؑ و اسحاقؑ و
یَعْقُوبَ، یَا رَبَّ کٓهیٰعٓصٓ وَیٰسٓ وَالْقُرْآنِ الْحَكِیمِ، أَسْأَلُکَ یَا أَحْسَنَ مَنْ سُئِلَ، وَیَا خَیْرَ مَنْ
یعقوبؑ کے معبود اے کھیعص اور یٰس و القرآن الحکیم کے رب میں تجھ سے سوال کرتا ہوں اے بہترین ذات جس سے سوال کئے جاتے ہیں
دُعِیَ، وَیَا أَجْوَدَ مَنْ أَعْطیٰ، وَیَا خَیْرَ مُرْتَجیٰ، أَسْأَلُکَ أَنْ تُصَلِّیَ عَلی مُحَمَّدٍ وَآلِ مُحَمَّدٍ.
اور اے بہترین پکارے جانے والے اے عطا کرنے والوں میں زیادہ سخی اور اے بہترین اُمیدگاہ میں تجھ سے سوال کرتا ہوں کہ تو محمدؐ و آلِ محمدؐ پر رحمت فرما۔

## نماز حضرت امام محمد تقیؑ

دو رکعت نماز ہے اسکی ہر رکعت میں ایک مرتبہ سورہ حمد اور ستر ۷۰ مرتبہ سورہ توحید پڑھیں اور نماز کے بعد حضرت کی یہ دعا پڑھیں:

اَللّٰهُمَّ رَبَّ الْاَرْوَاحِ الْفَانِیَةِ، وَالْاَجْسَادِ الْبَالِیَةِ، أَسْأَلُکَ بِطَاعَةِ الْاَرْوَاحِ الرَّاجِعَةِ إِلَی أَجْسَادِها،
اے معبود! تو فنا ہونے والی روحوں اور بوسیدہ جسموں کا پالنے والا ہے تجھ سے میں سوال کرتا ہوں اپنے جسموں کیطرف پلٹنے والی
وَبِطَاعَةِ الْاَجْسَادِ الْمُلْتَئِمَةِ بِعُرُوقِها، وَبِكَلِمَتِکَ النَّافِذَةِ بَیْنَهُمْ، وَأَخْذِکَ الْحَقَّ مِنْهُمْ وَالْخَلائِقُ
روحوں کی بندگی کے واسطے سے اور اپنی رگوں کے ساتھ ملنے والے جسموں کی بندگی کے واسطے سے اور ان میں نافذ ہونے والے تیرے حکم کے واسطے
بَیْنَ یَدَیْکَ یَنْتَظِرُونَ فَصْلَ قَضَائِکَ، وَیَرْجُونَ رَحْمَتَکَ وَیَخَافُونَ عِقَابَکَ، صَلِّ عَلَی مُحَمَّدٍ
سے اور ان سے حق لینے کے واسطے سے جبکہ مخلوقات تیرے حضور تیرے اٹل فیصلے کی منتظر کھڑی ہونگی اور تیری رحمت کی اُمیدوار اور تیرے عذاب سے
وَآلِ مُحَمَّدٍ وَاجْعَلِ النُّورَ فِی بَصَرِی، وَالْیَقِینَ فِی قَلْبِی، وَذِكْرَکَ بِاللَّیْلِ وَالنَّهارِ عَلی لِسانِی،
ڈری ہوئی ہونگی میرا سوال ہے کہ محمدؐ و آلِ محمدؐ پر رحمت فرما میری آنکھوں میں نور اور میرے دل میں یقین پیدا کر دے اور تیرا ذکر شب و روز میری زبان پر ہو
وَعَمَلاً صالِحاً فَارْزُقْنِی .
اور مجھے نیک عمل کرنے کی توفیق دے۔